**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X**

**ANNUAL EXAMINATIONS 2022**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 10 minutes  Marks: 45**

Examinations 2022 for Learning Only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

**حصہ ٔنثر:**

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) ''ایک بار شیخ سعدی نے استاد سے شکایت کی کہ فلاں طالبِ علم مجھ کو رشک کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ جب میں آپس میں بیٹھ کر مسائلِ علمیہ بیان کرتا ہوں تو وہ حسد سے جل جاتا ہے۔ استاد یہ سن کر شیخ سعدی پر غصہ ہوئے اور یہ کہا کہ اوروں کے رشک و حسد کی تو شکایت کرتے ہو اور اپنی بد گوئی اور غیبت کو برا نہیں سمجھتے۔''

(مجموعۂ نظم ونثر: 'شیخ سعدی' از: الطاف حسین حالؔی)

درج بالا نثر پارے میں سے کوئی بھی **دو** نصیحتیں اخذ کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) ''ہاں! یہ ضرور ہے کہ میاں بیوی کی یہ اونھ بعض دفعہ وہ کام کر جاتی ہے جو بڑے بڑے افلاطون صلاح کار بھی نہیں کر سکتے۔ بیوی کو غصہ آیا، میاں نے اونھ کر دی۔ چلو لڑائی کا خاتمہ ہوا۔ میاں کسی بات پر بگڑے، بیوی نے اونھ کر دی۔ میاں کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔ اگر اونھ کے بہ جائے جواب دیا جاتا تو میاں کو گھر چھوڑنا اور بیوی کو اپنے میکے جانا پڑتا ہے۔''

(مجموعۂ نظم ونثر: 'اونھ' از: مرزا فرحت اللہ بیگ)

درج بالا اقتباس میں درگزر کی اہمیت واضح کی گئی ہے۔ اِسی پسِ منظر میں آپ اپنی زندگی کا کوئی **ایک** ایسا واقعہ تحریر کیجیے کہ جب آپ بھی کسی معاملے پر درگزر کا مظاہرہ کرنے کے سبب پریشانی سے محفوظ رہے ہوں۔ (2 نمبر)

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

(ج) مجموعۂ نظم و نثر میں موجود سبق 'نیلی جھیل' کے مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے بتائیے کہ یہ تحریر کس صنفِ ادب سے تعلق رکھتی ہے؟ نیز اس صنف کی تعریف بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

**حصۂ نظم:**

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف) اصطلاحِ شعری 'مطلع' کی تعریف مع مثال پیش کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب)

اپنے پہ کر رہا ہوں قیاس اہلِ دہر کا
سمجھا ہوں دل پذیر متاعِ ہنر کو میں

بہ حوالۂ شاعر درج بالا شعر کی تشریح کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

(ج) ’مجموعۂ نظم و نثر‘ میں موجود ادؔا جعفری کی غزل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اُن کے اسلوب سے کوئی **تین** نِکات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

## تبصرہ نگاری:

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

نام ور میزبان طارق عزیز نے اپنے ایک پیغام میں کہا کہ آج کل کے گیم شوز ہمارے معاشرے کو غلط سمت لے جا رہے ہیں۔ انھوں نے ٹوئیٹر پر جاری ایک پیغام میں کہا: ''گزشتہ کچھ برسوں سے پاکستان کے پرائیویٹ چینلز پر نیلام گھر (ماضی کا ایک علمی و تفریحی ٹی۔وی پروگرام) کے نقالی گیم شوز متعارف کروائے گئے ہیں، جس کی ساری بنیادیں نیلام گھر سے ہی مستعار لی گئی ہیں اور ان میں بے ہنگم اور فضول حرکتوں کا اضافہ کرکے شائقین کو ان کا دیوانہ بنایا گیا ہے۔'' https://www.dailyausaf.com/showbiz/news

درج بالا متن سے اتفاق یا اختلاف رکھتے ہوئے تبصرہ کیجیے کہ آج کل کے گیم شوز کو آپ ہمارے معاشرے کے لیے کیسا پاتے ہیں؟ نیز اپنی رائے کی دلیل میں گیم شوز سے **دو** مثالیں پیش کرتے ہوئے اسی ضمن میں **ایک** تجویز دیجیے۔

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)




دیے گئے تصویری خاکے کے پس منظر میں مضمون تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ مضمون نگاری کے اہم عناصر کو ملحوظ رکھیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ہمارے معاشرے میں دکھاوے کے ساتھ کسی کی امداد کرنے کے مذموم عمل کی مثال پیش کیجیے۔ نیز اس عمل کے پسِ پردہ سوچ کے تناظر میں اپنی تحریر کا احاطہ کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے دکھاوے کی امداد کے سبب ایک غریب آدمی کی عزتِ نفس مجروح ہونے کی وضاحت کرتے ہوئے ضرورت مندوں کی امداد کرنے کے حوالے سے احسن طریقہ شامل تحریر کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

Annual Examination for Teaching & Learning only

**مضمون**

**عنوان:** ______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

## رسمی خط:

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

منتظمِ اشیائے خور و نوش (فوڈ انسپکٹر) کے نام خط لکھیے، جس میں اُن سے آپ کے شہر میں ملنے والے بازاری کھانوں کے حفظانِ صحت کے مطابق نہ ہونے کی شکایت کرتے ہوئے درج ذیل نِکات شاملِ تحریر کیجیے:

- حفظانِ صحت کے خلاف یعنی مضرِ صحت کھانوں کے نقصانات،
- غیر معیاری اشیائے خور و نوش کی نشان دہی،
- بازاری کھانوں کے غیر معیاری ہونے کے حوالے سے ذاتی تجربہ یا مشاہدہ،
- بازاری کھانوں میں بہتری کے لیے کوئی تجویز۔

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

اختتام

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only